© rasailojaraid.com



# اخبار الوفاق

محمد سیف اللہ نوید
معاون ناظم مرکزی دفتر وفاق

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق کراچی کے مدارس کے اجلاسات

وفاق المدارس العربیہ پاکستان صوبہ سندھ کے ناظم حضرت مولانا امداد اللہ صاحب زید مجدہم نے وفاق المدارس سے ملحق کراچی کے مدارس کے مہتممین کے اجلاسات طلب کیے۔جن میں وفاق المدارس کے سالانہ امتحان 1439ھ کے انعقاد اور مدارس کو درپیش مسائل کے بارے میں مشاورت کی گئی۔

تفصیلات کے مطابق ناظم وفاق المدارس العربیہ پاکستان برائے صوبہ سندھ حضرت مولانا امداد اللہ صاحب نے کراچی کے مدارس کے مسائل کے حل اور کراچی میں وفاق کے آئندہ امتحانات کے بہترین نظم ونسق کے سلسلے میں مشاورت کے لئے ،وفاق المدارس سے ملحق کراچی کے تمام مدارس کے مہتممین کے ضلع وار اجلاس طلب کیے۔

ضلع وسطی وشرقی کے مدارس کے مہتممین کا اجلاس بتاریخ 31 دسمبر 2017ء بروز اتوار صبح ساڑھے دس بجے جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی میں منعقد ہوا۔اجلاس کی صدارت صدر وفاق حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے فرمائی۔

ضلع ملیر وکورنگی کے مدارس کے مہتممین کا اجلاس بتاریخ 2 جنوری 2018ء بروز منگل ساڑھے گیارہ بجے جامعہ دارالعلوم کراچی ،کورنگی کراچی میں منعقد ہوا۔اس اجلاس کی صدارت حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے فرمائی۔

ضلع غربی وجنوبی کے مدارس کے مہتممین کا اجلاس بتاریخ 7 جنوری 2018ء بروز اتوار دوپہر اڑھائی بجے جامعہ بنوریہ عالمیہ ،سائیٹ ایریا کراچی میں منعقدہ ہوا۔اس اجلاس کی صدارت مولانا عبدالحمید زید مجدہم نے فرمائی۔

ان اجلاسوں میں مدارس کے مسائل پر غور وخوض کیا گیا، مدارس کے مسائل سے متعلق مہتممین کی تجاویز حاصل کی گئیں اور امتحانات کے نظم کے بارے میں مشاورت کی گئی۔اجلاسوں سے اکابرین وفاق نے خصوصی خطابات کیے۔انہوں نے اہل مدارس نظم ونسق کی پابندی کرنے اور باہمی احترام واعتماد اور اخوت وبھائی چارے پر زور دیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## کوئٹہ چرچ پر حملہ میں ملوث عناصر کو بے نقاب کیا جائے

اسلام آباد (18 دسمبر 2017ء) کوئٹہ چرچ حملہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ چرچ حملہ اسلام اور پاکستان دشمنوں کی کارروائی ہے۔ اسلام اقلیتوں کے حقوق کا علمبردار ہے، دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ حملے میں ملوث عناصر اور اس کے پس پردہ مقاصد کو بے نقاب کیا جائے۔

ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ چرچ حملہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ مولانا محمد حنیف جالندھری نے اس حملے کو اسلام اور پاکستان دشمنوں کی کارروائی قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ اس واردات میں ملوث عناصر کو بے نقاب کیا جائے۔ خاص طور پر اس کے پس پردہ سازش اور مقاصد سے پردہ اٹھایا جائے، تاکہ مستقبل میں اس کارروائی کو پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لئے استعمال نہ کیا جا سکے۔

## سانحہ قصور، پوری قوم کے لئے لمحہ فکریہ

اسلام آباد (11 جنوری 2018ء) سانحہ قصور پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے، کمسن بچی کے ساتھ ہونے والی درندگی انسانیت کی توہین ہے، مجرم کو نشان عبرت بنایا جائے، قصور سمیت دیگر سانحات کے مجرموں کو شریعت کے مطابق سزا دے دی جاتی تو آج اس درندگی کی نوبت نہ آتی، معاشرے کو بے حیائی، جنسی انارکی اور مجرمانہ ذہنیت سے بچانے کے لیے حکمران، علماء کرام اور ذرائع ابلاغ مل کر کردار ادا کریں، حکمران صرف وقتی اقدامات کے بجائے اس قسم کے سانحات سے بچنے کے لیے ٹھوس حکمت عملی طے کریں ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا انوار الحق، مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی اور مولانا محمد حنیف جالندھری نے سانحہ قصور پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے سانحہ قصور کو قومی المیہ اور سب کے لیے لمحہ فکریہ قرار دیا، انہوں نے کہا کہ سانحہ قصور انسانیت کی توہین ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے کہا کہ اس سے قبل بھی قصور میں بعض درندہ صفت لوگوں نے بہت سے بچوں کو اپنی درندگی کا نشانہ بنایا اسی طرح وقتاً فوقتاً ایسے سانحات ہوتے رہے اگر ایسے مواقع پر ملوث عناصر کو شریعت کے مطابق سزا دینے کا اہتمام کیا جاتا تو آج یہ نوبت نہ آتی۔ آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے اور اس قسم کے سانحات کی وجہ بننے والے اسباب ومحرکات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ وفاق المدارس



© rasailojaraid.com